**23.03.2025**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

..........................................................................

☆ این آئی اے نے، چنڈی گڑھ دستی بم حملے کے معاملے میں چار خالصتانی دہشت گردوں کے خلاف فرد جرم عائد کی ہے۔
☆ جسٹس BR Gavai نے منی پور ہائی کورٹ کی بارھویں سالگرہ کے موقع پر زور دے کر کہا کہ منی پور میں معمول کے حالات کو، مذاکرات اور ایک جگہ یکجا ہوکر بحال کیا جاسکتا ہے۔
☆ چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں 22ماؤنوازوں نے خودسپردگی کی ہے۔
☆ یوکرین اور امریکی وفود، کیف اور ماسکو کے درمیان جزوی جنگ بندی کی تفصیلات پر تبادلہ خیال کرنے کی غرض سے، سعودی عرب میں مذاکرات کریں گے۔
☆ امریکہ نے، فروغ پاتے ہوئے باہمی تعلقات کی علامت کے طور پر، طالبان کے تین حکام پر سے انعامات ختم کردیئے ہیں، جن میں وزیر داخلہ سراج الدین حقانی شامل ہیں۔
☆ اور بھارت نے، خواتین کی کبڈی ورلڈ کپ کا خطاب جیت لیا ہے۔ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان مردوں کا فائنل جاری ہے۔

..........................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**NIA Khalistani Terrorists**

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے، ستمبر 2024 کے چنڈی گڑھ میں دستی بم کے حملے کے معاملے میں ببرخالصہ بین الاقوامی دہشت گرد تنظیم کے چار دہشت گردوں کے خلاف فرد جرم عائد کی ہے۔ ایک سرکاری بیان میں آج کہا گیا کہ ملزمان میں پاکستان میں مقیم نامزد دہشت گرد ہرویندر سنگھ سندھو عرف رِنڈا اور امریکہ میں مقیم ہرپریت سنگھ عرف Happy Passi شامل ہیں۔ NIA کی خصوصی عدالت میں پیش کی گئی فرد جرم میں تمام چار ملزمان کے خلاف، غیرقانونی سرگرمیوں کی (روک تھام) کے قانون UAPA، آتش گیر مادّوں کے قانون اور دیگر متعلقہ گنجائشوں کی مختلف گنجائشوں کے تحت اِس حملے میں منصوبہ بندی کرنے اور حمایت کرنے میں ان کے کردار کے خلاف الزام لگایا گیا ہے۔x

## Manipur Meghwal Judges Visit

سپریم کورٹ کے جج جسٹس BR Gavai نے آج کہا ہے کہ تمام مسائل کو آئینی طور طریقوں سے حل کیا جاسکتا ہے۔ امپھال میں منی پور ہائی کورٹ کی بارھویں سالگرہ کی تقریب میں خطاب کرتے ہوئے جسٹس Gavai نے یہ کہتے ہوئے مذاکرات کی طاقت پر زور دیا کہ جو لوگ ایک جگہ یکجا ہوتے ہیں ان کیلئے حل قابل رسائی ہوتے ہیں۔ منی پور کے دو روزہ دورے پر سپریم کورٹ کے پانچ ججوں کی ایک ٹیم کی قیادت کرتے ہوئے جسٹس Gavai نے تشدد سے متاثر افراد کے ساتھ اپنے تبادلہ خیال کے تاثرات شراکت کئے۔ انھوں نے اجاگر کیا کہ اپنے دورے کے دوران انھوں نے Churachandpur اور Bishnupur میں راحت کیمپوں میں لوگوں کے ساتھ بات چیت کی۔انھوں نے واضح کیا کہ ان لوگوں میں دونوں کمیونٹی کے ارکان شامل تھے جنھوں نے امن نیز موجودہ افراتفری کو ختم کرنے کی اپنی خواہش کا اظہار کیا۔اسی دوران، مرکزی وزیر قانون ارجن رام میگھوال نے جاری امن عمل سے خطاب کیا۔ انھوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ صورتحال میں بہتری ہوئی ہے البتہ انھوں نے عمل کو جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے یقین دلایا کہ مرکزی حکومت صدر راج کے نفاذ کے بعد، منی پور میں امن قائم کرنے کے تیئں مکمل طور پر عہد بند ہے۔x

**S/B Arjun Ram Meghwal**

## Rev Chhattisgarh Maoists

آج چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں، دو خواتین نکسل وادی سمیت 22 نکسلیوں نے پولیس کے سامنے خودسپردگی کردی۔ پولیس کے ضلع ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ Ulandon York نے بتایا کہ خودسپردگی کرنے والے چھ نکسل وادوں پر مجموعی طور سے گیارہ لاکھ روپے کا انعام رکھا ہوا تھا۔ ریاستی سرکار کی بازآباد کاری کی پالیسی کے تحت خود سپردگی کرنے والے ہر نکسل وادی کو پچیس ہزار روپئے کی نقد ترغیبی رقم فراہم کی گئی ہے۔

S/B Ulandon York Additional SP

## Chhattisgarh CRPF Jawans Injured

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں ماؤنوازوں کے ذریعے کئے گئے IED کے ایک دھماکے میں CRPF کے دو جوان زخمی ہوگئے ہیں۔ ماؤنوازوں نے یہ دھماکہ، Madded پولیس اسٹیشن علاقے کے تحت، بیجاپور–بھوپال پٹنم قومی شاہراہ نمبر 63پر کیا۔ اس دھماکے سے سڑک پر تقریباً پانچ فٹ گہرا ایک گڈھا بن گیا ہے۔ زخمی جوانوں کا علاج Madded میں کمیونٹی ہیلتھ سینٹر میں کیا جارہا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ .........

VC Vikalp Shukla

چھتیس گڑھ سرکار نے، مرکزی حکومت کے ساتھ مل کر ماؤنوازوں کے خلاف ایک فیصلہ کن لڑائی چھیڑ دی ہے۔ پچھلے جمعرات کے روز چھتیس گڑھ میں دو مختلف جھڑپوں میں 30ماؤنواز ہلاک ہوگئے تھے۔ اگر ہم گذشتہ ایک

سال کی بات کریں تو چھتیس گڑھ میں جھڑپوں میں 380 نکسل وادی مارے گئے ہیں۔ تقریباً ایک ہزار 70 نکسل وادیوں نے خودسپردگی کی ہے، جبکہ تقریباً ایک ہزار 200 نکسلیوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ سرکار کی کثیر جہتی حکمت عملی کا نتیجہ یہ ہے کہ بڑی تعداد میں نکسلی تشدد کو ترک کر رہے ہیں اور معاشرے کے اصل دھارے میں شامل ہو رہے ہیں۔مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے راجیہ سبھا میں اپنے حالیہ بیان میں اس عہد کا اعادہ کیا ہے کہ ملک آئندہ ایک سال یعنی مارچ 2026 تک نکسل کے مسئلے سے آزاد ہوجائے گا۔

آکاشوانی نیوز رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## Rijiju Parliamentan CAR Rally

پارلیمانی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو اور شہری ہوا بازی کے وزیر Kinjarapu رام موہن نائیڈو نے آج نئی دلّی میں JK ٹائر–کانسٹی ٹیوشن کلب آف انڈیا CAR ریلی کے نویں ایڈیشن کا افتتاح کیا۔ اس کار ریلی کا بنیادی مقصد لوگوں کے مابین سڑک تحفظاتی بیداری کو فروغ دینا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ سڑک تحفظ ہر شہری کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انھوں نے لوگوں کو مشورہ دیا کہ وہ حادثات کو درگزر کرنے کیلئے تحفظاتی اقدامات کی پیروی کریں۔ انھوں نے اس حقیقت پر زور دیا کہ دنیا میں سڑک حادثوں کی سب سے زیادہ تعداد بھارت میں پیش آتی ہیں۔

S/B Kiren Rijiju

شہری ہوا بازی کے وزیر Kinjarapu رام موہن نائیڈو نے اجاگر کیا کہ سڑک تحفظ آج ملک کیلئے اعلیٰ ترین ترجیح ہے۔ انھوں نے ملک کے ہر شہری پر زور دیا کہ جب وہ سڑک سے سفر کر رہے ہوں تو وہ اخلاقی طور پر ضابطوں کی پابندی کو فروغ دیں۔

S/B Ram Mohan

اس موقع پر BJP کے رکن پارلیمنٹ انوراگ ٹھاکر اور راجیو پرتاپ ریڈی اور دیگر بہت سے لیڈر بھی موجود تھے۔x

## NTA CUETE

امتحانات کا انعقاد کرنے والی قومی ایجنسی NTA نے یونیورسٹی مشترکہ داخلہ امتحان (CUET) انڈر گریجویٹ 2025 کیلئے آن درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ کل تک بڑھا دی ہے۔

ایک پریس ریلیز میں، NTA نے اعلان کیا ہے کہ امتحان کی فیس جمع کرانے کی آخری تاریخ میں بھی نظرثانی کی گئی ہے اور اِس کی آخری تاریخ بڑھا کر 25مارچ کر دی گئی ہے۔ فارم میں تصحیح کیلئے ونڈو اس ماہ کی 26سے28تاریخ تک کھلا رہے گا، جس سے مخصوص معلومات میں ترامیم کی اجازت دی جائے گی۔ CUET-UG-2025، ملک بھر کے مختلف مراکز اور بیرون ملک 15 شہروں میں کمپیوٹر پر مبنی ٹیسٹ موڈ میں اِس سال 8 مئی سے پہلی جون تک منعقد ہونا ہے۔x

## Russia Ukraine

کل رات یوکرین کے وسیع تر علاقوں کو نشانہ بنا کر کیے گئے روس کے ڈرون حملوں میں کم سے کم 7افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ یوکرین کے مقامی حکام اور ایمرجنسی خدمات کے مطابق روس نے یوکرین پر کُل 147 ڈرون حملے کیے۔ سوشل میڈیا پر ایک بیان میں یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے بتایا کہ کیف پر کیے گئے یہ حملے یوکرین کے لیے روز کا معمول ہے۔

دوسری جانب روس کی وزارت دفاع نے کہا کہ اُس نے رات کے دوران یوکرین کے 59ڈرونز کو مار گرایا ہے، جس کی وجہ سے Rostov میں ایک شخص اور Novostroyerka،Pervaya سے متصل ایک گاؤں میں ایک عورت کی موت ہوگئی۔

دونوں طرف سے یہ حملے، سعودی عرب میں جنگ بندی مذاکرات کے سے پہلے کیے گئے ہیں۔ کل سعودی عرب میں امریکہ کی ثالثی میں یوکرین اور روس کی بالواسطہ بات چیت متوقع ہے، تا کہ شہری بنیادی ڈھانچے اور توانائی کی تنصیبات کو نشانہ بنا کر کیے جانے والے لمبی دوری کے حملوں کو روکا جاسکے۔ یوکرین کے صدر نے کہا کہ بالواسطہ مذاکرات سے قبل یوکرین کے وفد سے امریکی حکام کی ملاقات متوقع ہے۔ یوکرین، عارضی جنگ بندی کی تفصیلات کے بارے میں تبادلۂ خیال کیلئے ایک تکنیکی ٹیم بھیجنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ x

## US Taliban

امریکہ نے طالبان کی تین شخصیات پر رکھے گئے انعامات ختم کر دیئے ہیں۔ اِن میں وزیر داخلہ سراج الدین حقانی بھی شامل ہیں، جو ایک طاقتور نیٹ ورک کے سربراہ بھی ہیں اور جن پر افغانستان کی سابق مغربی حمایت یافتہ حکومت کے خلاف حملوں کا الزام ہے۔ وزارت داخلہ کے ترجمان عبدالمتین قانی نے آج کہا کہ امریکی حکومت نے عبدالعزیز حقانی اور یحییٰ حقانی پر رکھے گئے انعامات کو بھی منسوخ کر دیا ہے۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اِن تینوں افراد دو بھائی اور ایک پھوپھی زاد بھائی ہیں۔ وزارت خارجہ کے عہدیدار، ذاکر جلالی نے کہا کہ طالبان کی جانب سے جمعہ کو امریکی قیدی جارج Glezmann کی رہائی اور امریکہ کی جانب سے طالبان شخصیات پر انعامات کے خاتمے سے ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں فریق جنگ کے وقت کے اثرات سے آگے بڑھ رہے ہیں اور دو طرفہ تعلقات میں پیش رفت کیلئے تعمیری اقدامات کر رہے ہیں۔ x

## J&K Flight

غازی آباد کے ہنڈن ہوائی اڈّے سے جموں کیلئے پرواز کی خدمات شروع ہوگئیں۔آج ہنڈن ہوائی اڈّے سے جموں کیلئے پہلی پرواز صبح ساڑھے نو بجے روانہ ہوئی۔ ہمارے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ قومی راجدھانی خطے NCR سے ماتا ویشنو دیوی مندر کا سفر اب زیادہ سہل ہوگیا ہے۔ اب مسافروں کو جموں پہنچنے کیلئے دلّی ہوائی اڈّے تک کا سفر نہیں کرنا پڑے گا کیونکہ اب NCR کے اندر اُن کے پاس فضائی سفر کا ایک ذاتی اختیار بھی ہے۔x

## Maha Nagpur Curfew Lifted

ناگپور شہر میں گزشتہ پیر کی رات ہونے والی پرتشدد جھڑپوں کے بعد نافذ کرفیو کو آج دوپہر ناگپور کے تمام 11علاقوں سے ہٹا لیا گیا۔ ناگپور کے پولس کمشنر ڈاکٹر رویندر سنگل نے مطلع کیا ہے کہ تشدد کے بعد حالات قابو میں ہیں اور امن و امان کو یقینی بنانے کیلئے قائم کی گئی پولیس چوکیاں اور فورس کی تعیناتی ابھی بھی ہے۔

پُرتشدد واقعات کے سلسلے میں اب تک تقریباً 104افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اسی طرح 13ایف آئی آر درج کی گئی ہیں۔ مزید تحقیقات جاری ہیں۔ x

## Israel Gaza

غزہ کی وزارت صحت نے آج کہا کہ اسرائیل–حماس جنگ میں پچاس ہزار سے زیادہ فلسطینی ہلاک اور ایک لاکھ سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ہلاک ہونے والوں کی آج اعلان کردہ تازہ ترین تعداد میں وہ 673افراد شامل ہیں جو پچھلے ہفتے اسرائیل کے ہوائی حملوں میں ہلاک ہوئے ہیں۔ یہ حملے پچھلے ہفتے اسرائیل کی طرف سے جنگ بندی ختم کرتے ہوئے اچانک کئے گئے۔x

## SOUTH KOREA WILD FIRE

جنوبی کوریا نے جنوب–مشرقی خطوں میں جنگل کی آگ لگاتار پھیلنے کی وجہ سے ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا ہے۔ اس میں کم سے کم چار افراد ہلاک ہو گئے اور یہ آگ بڑے پیمانے پر تباہی کا سبب بن رہی ہے۔ وزارت داخلہ نے ملک بھر میں، خاص طور پر شمالی اور جنوبی Gyeongsang صوبوں اور جنوب - مشرقی شہر Ulsan میں ایک ساتھ لگی جنگل کی آگ سے وسیع پیمانے پر ہونے والے نقصانات کی وجہ سے یہ اعلان کیا ہے۔x

## Mahatma Gandhi Museum

جنوبی افریقہ کے Phoenix Settlement Trust–گاندھی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ نے نئی دلّی میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جےشنکر کی موجودگی میں مہاتما گاندھی سے متعلق دستاویزات اور نوادرات نیشنل گاندھی میوزیم کے سپرد کیے۔ اپنے پیغام میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ باپو کی زندگی اور پیغام، آنے والی نسلوں کو تحریک دیتا رہے گا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ عطیات کی فہرست میں وہ کپڑے بھی شامل ہیں، جنہیں مہاتما گاندھی نے چرخے پر کاتا تھا۔بابائے قوم مہاتما گاندھی 1893میں جنوبی افریقہ پہنچے تھے اور Durban میں ایک طویل عرصے تک قیام پذیر رہے۔ 1904میں انہوں نے Phoenix Settlement قائم کیا۔مہاتما گاندھی کی زندگی کی وراثت کے تحفظ کی خاطر گاندھی ڈیولپمنٹ ٹرسٹ اور Phoenix Settlement ٹرسٹ نے مہاتما گاندھی کے کنبے سے وابستہ بعض اشیاء کو بھارت کو سونپنے کا فیصلہ کیا۔ x

## FPIs

تقریباً تین مہینے کی مسلسل فروخت کے بعد، بیرونی پورٹ فولیو، FPIs نے اب پچھلے ہفتے سے بھارتی حصص میں سے اپنا سرمایہ نکالنا کم کردیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی اسٹاک مارکیٹ میں تیزی کے ساتھ استحکام آیا ہے نیز روس—یوکرین تصادم میں امکانی پھیلاؤ کی وجہ سے عالمی تشویش میں کمی ہوئی ہے اور امید میں اضافہ ہوا ہے۔ ڈیپوزیٹری اعداد وشمار کے مطابق FPI حصص میں سے نکالنے والے سرمایہ کم ہوا اور یہ 21مارچ کو مہینے کیلئے 31 ہزار 719 کروڑ روپئے تھا جو کہ 13مارچ کو 30ہزار 16 کروڑ روپئے تھا۔x

## Kabaddi World Cup

آج بھارت نے، انگلینڈ کے Wolverhampton میں، انگلینڈ کو 57-34کے نمایاں اسکور سے شکست دے کر خواتین کا کبڈی کا عالمی کپ 2025 کا خطاب جیت لیا ہے۔ Hong Kong کی ٹیم نے، اِسی جگہ پر Wales کے خلاف 75-14اسکور کرکے تیسرا مقام حاصل کیا۔ Wolverhampton میں مردوں کے کبڈی کے عالمی کپ 2025میں، دفاعی چمپئن بھارت اور انگلینڈ کے درمیان فائنل میچ جاری ہے۔

بھارت نے سیمی فائنل میں Wales کو 93-37کے اسکور سے ہرا کر ایڈیشن کے فائنل میں پہنچا ہے۔

تیسرے مقام کیلئے اسکاٹ لینڈ نے Wales کو 67-56کے اسکور سے شکست دی۔x

## Khelo India Archery Shooting

کھیلو انڈیا پیرا گیمز میں شوٹرز اور پیرا تیر اندازوں نے، آج اپنے مخالفین کے خلاف غیرمعمولی مہارت اور مقابلے کا اظہار کرتے ہوئے سخت مقابلہ کیا۔ ڈاکٹر کرنی سنگھ شوٹنگ رینج میں، Sumedha Pathak نے دس میٹر ایئر پسٹل خواتین SHI زمرے میں طلائی تمغہ حاصل کیا۔ روبینہ فرانسس نے چاندی کا تمغہ جبکہ انیتا کماری نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اس سے قبل دس میٹر ایئر رائفل پرون مسکڈ SHI زمرے میں ساگر بالا صاحب کٹالے نے طلائی تمغہ، مونا اگروال نے چاندی کا تمغہ اور دیپک سینی نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ آکاشوانی کے ساتھ خصوصی بات چیت میں روبینہ فرانسس نے کھیل کود کے اپنے سفر کو رہنمائی فراہم کرنے میں سرکاری اسکیموں کے نمایاں کردار پر زور دیا۔

S/B 2100 Rubina Khelo India

## Khelo India Para Games

کھیلو انڈیا پیرا گیمز کا چوتھا دن، پاور لفٹرس، ایتھلیٹس، تیراندازوں اور شوٹرز کے سخت مقابلوں کے ساتھ پُرتجسس رہا۔ آج نئی دلّی کے JLN اسٹیڈیم میں منعقدہ پاور لفٹنگ کے مقابلے میں پنجاب کی پاور لفٹر جسپریت کور نے، قومی ریکارڈ توڑنے والی کھیلو انڈیا پیرا گیمز میں پہلی کھلاڑی بن کر تاریخ رقم کی۔ 45 کلو زمرے میں مقابلے میں کھیلتے ہوئے انھوں نے 101 کلو گرام وزن اٹھا کر طلائی تمغہ حاصل کیا ہے۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے آج کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈوچیری اور کیرالہ میں کسی کسی مقام پر شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ دو–تین دنوں کے دوران، ریاست گجرات میں کسی کسی مقام پر گرم اور مرطوب موسمی صورتحال ہونے کا امکان ہے۔ کیرالہ، ماہے، ساحلی آندھراپردیش، یانم، رائل سیما اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں گرج چمک کے ساتھ ساتھ آئندہ دو دنوں میں تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے مزید پیشگوئی کی ہے کہ گنگا کے طاس مغربی بنگال، اڈیشہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں گرج چمک اور آندھی چلنے کا امکان ہے۔ شمال مغربی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں، آئندہ چار دنوں کے دوران بتدریج تین سے پانچ ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

محکمہ موسمیات نے مزید بتایا کہ ملک کے وسطی حصے اور اندرون مہاراشٹر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں، آنے والے چار پانچ دنوں میں دو سے چار ڈگری کا بتدریج اضافہ ہونے کا امکان ہے۔x

☆☆☆☆☆☆